57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

جلد نمبر 57 | Tuesday 30th September 2025 | ۳۰ ستمبر ۲۰۲۵ بروز منگلوار بمطابق ۶ ربیع الثانی ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 268 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net




### اسنر مینز سنگلز سیمی فائنل میں

جینک اسنر اور آسٹریلیا کے ٹینس کھلاڑی ایلکس ڈی مینور اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت چین کے دارالحکومت بیجنگ میں جاری چائنا اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ ۲۴ سالہ عالمی نمبر ٹو اٹلی کے جینک سنر نے مینز سنگلز کے کوارٹر فائنل میچ میں ہنگری کے حریف کھلاڑی فیبیان ماروزان کو شکست دی۔ (تفصیلات اندر)



### ٹیلر فریٹز سنگلز فائنل میں داخل

امریکا کے ٹینس اسٹار اور سیکنڈ سیڈ ٹیلر فریٹز اپنی جیت کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اے ٹی پی جاپان اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میں پہنچ گئے۔ امریکی سیکنڈ سیڈ ٹینس کھلاڑی ٹیلر فریٹز نے مینز سنگلز سیمی فائنل میں ہم وطن حریف کھلاڑی جینسن بروکسبی کو ۰-۲ سیٹس سے شکست دے۔ (تفصیلات اندر)

## لیہہ ایپکس باڈی وزارت داخلہ سے بات چیت سے دُور رہے گی

### باڈی کے چیئرمین تھوپستان چھیوانگ کا پریس کانفرنس میں اعلان

لیہہ/ لیہہ ایپکس باڈی کے چیئرمین تھوپستان چھیوانگ نے یہاں ایک پریس کانفرنس میں کہا، ''ہم نے متفقہ طور پر اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ لداخ میں جو صورتحال چل رہی ہے، اس کو مدنظر رکھتے ہوئے، جب تک لداخ میں امن بحال نہیں ہوتا، ہم کسی بھی بات چیت میں حصہ نہیں لیں گے۔'' انہوں نے کہا، ''ہم وزارت داخلہ، UT انتظامیہ اور انتظامیہ پر زور دیں گے کہ وہ خوف، غم اور غصے کے ماحول سے نمٹنے کے لیے اقدامات کریں'۔ 24 ستمبر کو لیہہ ایپکس باڈی (LAB) کی طرف سے ریاست کا درجہ دینے اور چھٹے شیڈول کی لداخ تک توسیع کے مطالبات پر مرکز کے ساتھ بات چیت کو آگے بڑھانے کے لیے ایک بند کے دوران وسیع پیمانے پر پرتشدد مظاہرے ہوئے۔ مظاہرین اور سیکیورٹی اہلکاروں کے درمیان جھڑپوں میں چار افراد ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوئے، جب کہ ہنگامہ آرائی میں ملوث ہونے کے الزام میں/ 1



## حکومت ایپکس باڈی لیہہ اور کرگل الائنس سے بات چیت کیلئے تیار

### مسلسل بات چیت مستقبل قریب میں مطلوبہ نتائج برآمد ہوں گے

سرینگر/ حکومت ہمیشہ لداخ کے معاملات پر ایپکس باڈی لیہہ (اے بی ایل) اور کرگل ڈیموکریٹک الائنس (کے ڈی اے) کے ساتھ بات چیت کے لئے تیار رہی ہے۔ ہم ایچ پی سی برائے لداخ یا کسی بھی ایسے پلیٹ فارم کے ذریعے اے بی ایل اور کے ڈی اے کے ساتھ بات چیت کا خیر مقدم کرتے رہیں گے۔ ایپکس باڈی لیہہ (اے بی ایل) اور کرگل ڈیموکریٹک الائنس (کے ڈی اے) کے ساتھ لداخ پر ہائی پاورڈ کمیٹی (ایچ پی سی) کے ذریعے قائم ڈائیلاگ میکنزم نے لداخ کے درج فہرست قبائل کے ریزرویشن میں اضافہ، ایل اے ایچ ڈی سی میں خواتین کو تحفظ فراہم کرنے اور مقامی زبانوں کو تحفظ فراہم کرنے کی صورت میں اب تک مثبت نتائج برآمد کیے ہیں۔ مرکز کے زیرانتظام لداخ میں 1800 سرکاری اسامیوں پر بھرتی کا عمل پہلے ہی شروع کیا جا چکا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ مسلسل بات چیت مستقبل قریب میں مطلوبہ نتائج برآمد ہوں گے۔

## گاؤں والوں اور شہریوں میں تفاوت دُور کرنا میرا عزم/ LG

### مرکزی حکومت کی جموں وکشمیر سے وابستگی کا سب سے بڑا ثبوت گزشتہ پانچ سے چھ برسوں کی کارکردگی

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے جموں میں 'سیوا پرو' کے تحت محکمہ دیہی ترقی و پنچایتی راج کے زیرِ اہتمام منعقدہ 'سوچھتا وِجے اُتسو' میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ اِس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے شہری اور دیہی تفاوت دور کرنے اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جموں وکشمیر سے سچی وابستگی کا ثبوت گزشتہ 5 سے 6 برسوں کی کارکردگی میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اُنہوں نے عوامی صحت و بہبود کے فروغ اور صحت مند وخوشحال دیہات کے قیام کے لئے صفائی مہمات کی اہمیت پر زور دیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''تعلیم، سماجی بہبود، دیہی وشہری ترقی اور صحت جیسے شعبہ جات میں اقدامات ایک منصفانہ اور جامع معاشرے کی تعمیر کے لئے ناگزیر ہیں۔ ہمیں چیلنجوں کا مقابلہ کرتے ہوئے دیہی جموں وکشمیر کو خوشحال بنانے کے اہداف حاصل کرنا ہوں گے۔'' اُنہوں نے دیہی جموں وکشمیر کے لئے ماحولیاتی تحفظ سے متعلق بیداری پیدا کرنے کی ایک خصوصی مہم چلانے کی ہدایت دی۔ منوج سِنہا نے کہا، ''سیوا پرو کو الگ مہم کے طور پر نہ دیکھا جائے بلکہ اسے طرزِ زندگی کا حصہ بنایا جائے۔ ہمیں ایک متحد قومی شناخت قائم کرنے کی سمت قدم بڑھانا ہوگا تاکہ ہر ایک کی فلاح و خوشحالی یقینی بنائی جا سکے۔'' اُنہوں نے متعلقہ حکام کو آبی ذخائر پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔ اُنہوں نے کہا کہ شہریوں کو چاہیے کہ وہ اپنی مقامی قدرتی وسائل پر ہونے والی تجاوزات کی اطلاع حکام کو دیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ آئیے ہم سب مل کر ایک مضبوط اور محفوظ مستقبل کی تعمیر کریں۔ اِس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے مختلف مقامات پر 'گوبردھن' بائیوگیس پلانٹوں اور فیکل سلج ٹریٹمنٹ پلانٹوں (ایف ایس ٹی پیز) کا سنگ بنیاد رکھا جو صفائی بھارت مشن (دیہی) کے تحت قائم کئے جائیں گے۔ اُنہوں نے صفائی متروں سے بات چیت کی اور صفائی میں نمایاں خدمات انجام دینے والے افراد (سوچھتا گرہیوں) کو اعزاز سے نوازا۔ اِس کے علاوہ/ 2



## گاندربل کی ترقی کیلئے دن رات کام کروں گا/ وزیر اعلیٰ

### 36.50 کروڑ روپے کے ایک درجن سے زیادہ پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا

گاندربل، 29 ستمبر: وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل ضلع کے ایک وسیع دورے کے دوران 36.50 کروڑ روپے کے ایک درجن سے زیادہ ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا، جس سے ضلع میں کھیلوں، بجلی کے شعبوں میں بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور سڑکوں کے رابطے کو بہتر بنانے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ بیہامہ میں وزیر اعلیٰ نے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کے چھ بڑے منصوبوں کا افتتاح کیا جن میں بیہامہ سٹیڈیم، مدرمہربان سٹیڈیم اور گنڈ رحمان، منی گام، وکورا اور بٹوینہ میں کھیل کے میدان شامل ہیں۔ یہ منصوبے مقامی کھیلوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور پورے ضلع میں کھیلوں کے صحت مند ماحولیاتی نظام کو فروغ دینے میں ایک اہم سرمایہ کاری کی نشاندہی کرتے ہیں۔ نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے نئے آلات کی نقاب کشائی کرتے ہوئے، وزیر اعلیٰ نے جوڈو، تھانگ ٹا اور یوگا میں بھی متاثر کن کارکردگی کا مشاہدہ کیا، جو گاندربل کے متحرک کھیل کے جذبے کو ظاہر کرتے ہیں۔ سلورا میں، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے 33/KV11، MVA1x6 وصول کرنے والے اسٹیشن کا افتتاح کیا اور عوام کے لیے وقف کیا۔ بعد میں، انہوں نے گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن (GCOPE)، گدورہ میں پری فیب انڈور بیڈمنٹن ہال کا افتتاح کیا، اور یہاں تک کہ ایک دوستانہ بیڈمنٹن میچ میں بھی شرکت کی۔ اسی کمپلیکس میں، وزیر اعلیٰ نے 400 میٹر کے مصنوعی ایتھلیٹک ٹریک اور ایک مصنوعی فٹ بال ٹرف کا افتتاح کیا، 100 میٹر کی دوڑ میں حصہ لینے سے پہلے لڑکیوں کی 100 میٹر کی اسپرنٹ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے چار اہم سڑک کنیکٹیویٹی منصوبوں کا بھی سنگ بنیاد رکھا، جن میں شجگنہ لنک روڈ اور کھتی جیناگ روڈ کی اپ گریڈیشن شامل ہے۔ دار محلہ - وتل باغ - ڈینجر پورہ سڑک کی تعمیر اور اپ گریڈیشن؛/ 3




## گورنمنٹ میڈیکل کالج ڈوڈہ کے

### واش روم میں نوزائیدہ بچی کی لاش

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق ڈوڈہ گورنمنٹ میڈیکل کالج ایمرجنسی وارڈ میں اُس وقت سنسنی اور فکر وتشویش کی لہر دوڑ گئی جب غسل خانے سے 6 ماہ کی لڑکی کی نعش پائی گئی۔ مریضوں اور ان کے تیمارداروں نے اس سلسلے میں پولیس کو جانکاری فراہم کی۔ پولیس پارٹی جائے موقع پر پہنچ گئی، نعش کو اپنی تحویل میں لیکر قانونی ضابطے پورے کئے۔ پولیس کے مطابق رپورٹ درج کر کے معاملے کی باریک بینی سے تحقیقات شروع کر دی گئی تاہم پولیس نے لڑکی کی شناخت ظاہر نہیں کی۔

## لیہہ میں پولیس اور نیم فوجی دستوں کو حساس علاقوں میں بڑے پیمانے پر تعینات کیا گیا

### لیفٹیننٹ گورنر کی عوام کو اعتماد میں لے کر امن کے قیام کو یقینی بنانے کی ہدایات

لیہہ/ یو این آئی/ لیہہ شہر میں گزشتہ ہفتے ہوئے پرتشدد واقعات کے بعد حالات مسلسل کشیدہ ہیں اور پیر کو مسلسل چھٹے دن بھی کرفیو نافذ رہا۔ انتظامیہ نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کے لئے پولیس اور نیم فوجی دستوں کو حساس علاقوں میں بڑے پیمانے پر تعینات کیا ہے، جبکہ لیفٹیننٹ گورنر کوِندر گپتا نے اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اطلاعات کے مطابق لداخ کے لیہہ شہر میں مسلسل چھٹے روز بھی کرفیو نافذ رہا جبکہ انٹرنیٹ خدمات معطل رہنے کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ 'صورتحال کرفیو والے علاقوں میں مجموعی طور پر پُرامن رہی ہے اور کہیں سے کسی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ پولیس اور نیم فوجی اہلکار سخت چوکسی کے ساتھ گشت کر رہے ہیں تاکہ امن برقرار رہے۔' لیفٹیننٹ گورنر کوِندر گپتا نے لداخ کے سرحدی ضلع لیہہ میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں اور سیکورٹی ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ چوکسی، قریبی ہم آہنگی اور عوامی سلامتی کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ اس اہم اجلاس کے دوران ایل جی کو حالیہ دنوں میں پیش آنے والے واقعات، سرحدی سرگرمیوں اور داخلی امن وامان کی صورت حال کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں فوج، انٹیلی جنس ایجنسیوں، پولیس اور سول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران شریک ہوئے جنہوں نے خطے کی مجموعی سلامتی کے بارے میں رپورٹ پیش کی۔ کویندر گپتا نے کہا کہ لیہہ کی جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر یہاں امن واستحکام کو ہر قیمت پر برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے/ 4

## آبی ذخائر کیساتھ تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کا مطالبہ

### قدرتی وسائل پر تجاوزات کی اطلاع حکام کو دینی چاہیے/ منوج سنہا

سرینگر/ جے کے این ایس/ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ موسمیاتی تبدیلی ایک حقیقت ہے جس کا لوگوں کو ادراک ہونا چاہئے، لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پیر کو مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر میں آبی ذخائر کیساتھ تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا اور لوگوں اور انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ اس کے لیے ایک تحریک بنائیں۔ جے کے این ایس کے مطابق لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں حالیہ سیلاب کو خطے میں ماضی میں نظر نہ آنے والی ایک بڑی تباہی قرار دیا اور کہا کہ 4000 سے زیادہ مکانات کو نقصان پہنچا، 3237 کلومیٹر سے زیادہ سڑکیں متاثر ہوئیں اور 70 سے زیادہ بڑے پل تباہ ہو گئے۔ منوج سنہا نے مزید کہا کہ ہم حکام کو پانی کے ذخائر کے ساتھ تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مزید کہا کہ شہریوں کو اپنے متعلقہ علاقوں میں قدرتی وسائل پر تجاوزات کی اطلاع حکام کو دینی چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آیئے ہم ایک مضبوط، زیادہ محفوظ مستقبل کی تعمیرنو کے لیے متحد ہو جائیں۔

## 12 لاکھ مالیت کے زیورات سمیت چور کو پکڑا گیا

### مشتبہ شخص نے پوچھ تاچھ کے دوران اپنے جرم کا اقرار کیا/ پولیس

سرینگر/ سی این ایس/ سرینگر پولیس نے نوہٹہ علاقے میں پیش آئی زیورات کی بڑی چوری کا معمہ کامیابی سے حل کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے بارہ لاکھ روپے مالیت کے سونے کے زیورات برآمد کر لیے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق، یہ معاملہ اُس وقت سامنے آیا جب پولیس اسٹیشن نوہٹہ کو محمد یوسف راتھر ولد عبدالغفار راتھر، ساکن وانٹ پورہ، راجوری کدل کی جانب سے تحریری شکایت موصول ہوئی۔ شکایت میں یوسف راتھر نے الزام لگایا کہ ان کی غیر موجودگی میں چوروں نے ان کے گھر میں گھس کر گھر کا سامان تہس نہس کر دیا اور لاکھوں روپے مالیت کے سونے کے زیورات چوری کر کے فرار ہو گئے۔ تحقیقات کے دوران پولیس نے ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لیا، جس کی شناخت وسیم احمد کلو ولد غلام قادر کلو، ساکن چھٹہ بل کے طور پر ہوئی۔ دورانِ پوچھ گچھ ملزم نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا۔ اس کے انکشاف پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ سونے کے زیورات، جن کی مالیت تقریباً 12 لاکھ روپے بتائی جا رہی ہے، برآمد کر لیے۔

## پردیش کانگریس کمیٹی کے اعلیٰ عہدے داروں کی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات

### متاثرین کیلئے جامع ریلیف، بحالی اور تعمیر نو کے پیکیج کی درخواست



جموں/ جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے سینئر لیڈروں کے ایک وفد نے ورکنگ پریذیڈنٹ اور سابق وزیر رمن بھلا کی قیادت میں آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا سے ملاقات کی۔ وفد کے اَرکان نے حالیہ آفاتِ سماوی سے متاثرہ کنبوں اور کسانوں کی فلاح و بہبود سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اُنہوں نے ایک میمورنڈم پیش کیا جس میں مرکزی حکومت سے جامع ریلیف، بحالی اور تعمیر نو کے پیکیج کی درخواست کی گئی۔ اُنہوں نے مزید درخواست کی کہ ماہرین کی ایک اعلیٰ سطحی ٹیم تشکیل دی جائے/ 5

## حاملہ خاتون اپنے ہی گھر میں پراسرار حالت میں مردہ پائی گئی

### وہی پورہ لنگیٹ میں سنسنی کی لہر، فوری طور تحقیقات کا مطالبہ تیز

سرینگر/ سی این ایس/ لنگیٹ کے وہی پورہ محلّہ میں اُس وقت سنسنی پھیل گئی جب چھ ماہ کی حاملہ خاتون اپنے ہی گھر میں پراسرار حالت میں مردہ پائی گئی۔ پولیس نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق، خاتون کی لاش کو رات دیر گئے اُس کے گھر سے برآمد کیا گیا۔ اہل خانہ نے واقعے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ یہ قتل ہے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ ملوث افراد کو فوری گرفتار کر کے سخت کارروائی کی جائے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ معاملے کی مکمل چھان بین کی جا رہی ہے۔ خاتون کی لاش کو قانونی کارروائی کے لیے نزدیکی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ضروری میڈیکولیگل فارملیٹیز کے بعد لاش کو لواحقین کے حوالے کر دیا گیا۔ اہل علاقہ میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی ہے، جبکہ سوشل میڈیا پر بھی یہ واقعہ شدید بحث کا موضوع بنا ہوا ہے۔

## وادی میں مزید سات سیاحتی مقامات کو کھول دینے کا سرکاری اعلان

### آڑو وادی، رافٹنگ پوائنٹ یانر، اکڑ پارک، پادشاہی پارک اور کمان پوسٹ شامل

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق جموں وکشمیر انتظامیہ نے سوموار کو وادی میں سات سیاحتی مقامات کو کھول دیا جو 22 اپریل کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد بند کر دیے گئے تھے۔ خیال رہے کہ جمعہ کو یونیفائیڈ ہیڈکوارٹر کی میٹنگ کے بعد لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کے بعد سیاحتی مقامات کو کھولا گیا۔ کشمیر صوبے میں جن سات سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولا گیا ہے ان میں آڑو وادی، رافٹنگ پوائنٹ یانر، اکاڈ پارک، پادشاہی پارک اور کمان پوسٹ شامل ہیں۔ ایل جی نے جموں صوبے میں بھی پانچ سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولنے کا حکم دیا تھا۔ ان میں رام بن میں دگن ٹاپ، کٹھوعہ میں دھگر اور سلال، ریاسی میں شیو غار شامل ہیں۔ ادھر جموں کے ضلع ریاسی میں ایڈونچر ٹورازم دوبارہ شروع ہوا کیونکہ آپریٹروں نے طویل وقفے کے بعد دریائے چناب میں رافٹنگ کو دوبارہ شروع کیا، جس میں سیاحوں کی بڑی تعداد آبی کھیل سے لطف اندوز ہونے کے لیے اس مقام پر جمع تھی۔ ریاسی بارا داری میں رافٹنگ کیلئے مشہور ہے، جہاں چناب شاندار پہاڑوں اور جنگلاتی دریا کے کنارے بہتا ہے، جو ہزاروں ایڈونچر کے متلاشیوں کو راغب کرتا ہے۔

## صنعت نگر میں گاڑی اور سکوٹی میں ٹکر سے خاتون چل بسی

### شناخت 55 سالہ سحر بانو زوجہ انصار حسین خان ساکن جموں کے طور پر ہوئی

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر کے صنعت نگر علاقے میں پیر کی صبح ایک دلدوز سڑک حادثے میں ایک 55 سالہ خاتون کی موت واقع ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ صنعت نگر علاقے میں پیر کی صبح ایک گاڑی اور ایک سکوٹی کے درمیان زوردار ٹکر ہوگئی جس کے نتیجے میں سکوٹی پر سوار ایک خاتون شدید زخمی ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ گرچہ خاتون کو نازک حالت میں فوری طور پر علاج ومعالجے کے لئے نزدیکی ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن ڈاکٹروں نے اس کو مردہ قرار دیا۔ متوفی خاتون کی شناخت 55 سالہ سحر بانو زوجہ انصار حسین خان ساکن جموں کے طور پر ہوئی ہے۔ دریں اثنا پولیس نے واقعے کا نوٹس لے کر اس میں قانونی کارروائیاں شروع کی ہیں۔

## بیوی کو قتل کرنے کے الزام میں شوہر کی گرفتاری/ جموں پولیس

### نئے گھر کی خریداری پر مالی تنازعہ کھڑا ہو جانے کا معاملہ

جموں/ یو این آئی/ جموں پولیس نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرکے ایک ایسے اندھے قتل کیس، جس کو ابتدائی طور پر قدرتی موت کے طور پر پیش کیا گیا تھا، کو بے نقاب کرکے شوہر کو گرفتار کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ 26 ستمبر 2025 کو سینہ سونوار دختر اکبر خان ساکن ڈھوال والی گلی نئی بستی جموں نے اپنی بہن سمریتی سونوار زوجہ تیج پال سنگھ ولد سبھاش سنگھ ساکن منگنار، ضلع پونچھ حال ترکوٹہ نگر ایکسٹنشن جموں، کی مشکوک موت کے بارے میں تحریری شکایت درج کرائی۔ انہوں نے کہا: 'شکایت کنندہ نے بتایا کہ 26 اگست کو اس کے بہنوئی تیج پال سنگھ نے اپنی بیوی کو مبینہ طور پر علاج کے لئے لے گئے لیکن اگلے دن یعنی 27 اگست کو وہ اس کی لاش لے کر واپس آئے اور اس کی شاستری نگر شمشان گھاٹ میں جلد بازی میں آخری رسومات انجام دیں اور یہ کام پوسٹ مارٹم کرنے اور پولیس کو اطلاع دئے بغیر کیا گیا تاکہ ثبوت چھپایا جا سکے'۔ ان کا کہنا ہے: 'شکایت کنندہ نے مزید الزام لگایا کہ مذکورہ خاتون پر ظلم کیا جاتا تھا، اس کی گردن پر مشکوک نشان موجود تھے اور دونوں کے درمیان نئے گھر کی خریداری پر مالی تنازعہ چل رہا تھا اور ان الزامات کی حمایت میں تصاویر بھی جمع کرائی گئیں'۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ اس شکایت پر پولیس سٹیشن باہو فورٹ میں بی این ایس کے/ 6

